**19/05/2025**

**09.25 AM(5 min)**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ  عابدہ اختر سے خبریں سُنئے**

**لیفٹیننٹ گورنر**

**لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا نے زیشٹھا ماتا جینتی کے موقعہ پر زیشٹھا دیوی مندرزیٹھیار سرینگر میں حاضری دی ۔اُنہوں نے جموں وکشمیر میں دائمی اَمن واستحکام کے لئے دُعا کی۔اِس موقعہ پر لیفٹیننٹ گورنر نے عقیدت مندوں سے ملاقات کی اور اُنہیں دِل کی گہرائیوں سے مُبارک باد دی۔ اُنہوں نے زیشٹھا ماتا جینتی کی ثقافتی اہمیت پر زور دیا جو خطے کی قدیم روایات کا ایک اہم حصہ ہے۔**

**LG ملاقات**

**بی جے پی کے ضلع صدر کولگام فاروق احمد راتھر نے کل راج بھون سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کر کے کئی اہم امور پر تبادلہ خیال کیا ۔**

**وزیر اعلیٰ**

**وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ انکی حکومت کی توجہ کا مرکز عوامی مسائل کو موثر طریقے پر حل کرنا ہے ۔ انہوننے کہا کہ انکی حکومت کےلئے ہر ایک شہری قابل احترام ہے۔ وزیر اعلیٰ عوامی رابطہ دفتر سرینگر مینمسلسل دوسرے روز اُن سے ملنے آئے کئی عوامی وفود کے مسائل سننے کے بعد اظہار خیال کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ان کےلئے حکمرانی محض انتظامیہ چلانا نہیں بلکہ ہمدردی اور جواب دہی پر مبنی عوامی امورات کا عمل درآمد کرنا ہے ۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس اعتماد کا نہ صرف الفاظ سے بلکہ فیصلہ کن عمل سے ہمیشہ احترام کیا جائے گا۔**

ستیش شرما

کابینہ وزیر ستیش شرما نے سرحدی علاقوں کے متاثرہ رہائشیوں کی باز آبادکاری کے عمل کا ، اور جوگوَن کے علاقوں کا Thakar ،Kharah ،Battal ،Kaleeth جائزہ لینے کے لئے دورہ کیا۔اس موقعہ پر فوری امدادی اقدامات کے حصے کے طور پرحکومت نے متاثرہ کنبوں میں تقریباً پانچ سو راشن اور ریلیف کٹس تقسیم کی ۔ انہوں نے متاثرین کو یقین دلایا کہ ان کی باز آبادکاری کے لئے حکومت ہر ممکن کوشش کرے گی ۔

گلوبل وارمنگ

دنیا بھر میں گلوبل وارمنگ کی وجہ سے درجہ حرارت میں نمایاں اضافہ درج کیا جا رہا ہے، جس کے باعث حیوانات اور نباتات کے علاوہ دیگر مخلوق پر بھی منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ درجہ حرارت میں اضافے کی وجہ سے گلیشرپگھل رہے ہیں۔ ماہرین نے اس حوالے سے ماحولیات کا تحفظ یقینی بنانے کےلئے عوامی شعور بیدار کرنے پر زور دیا ہے۔ آکاشوانی نیو ز سرینگر نے جب ماہر ارضیات اور اسلامک یونیوسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اونتی پورہ کے وائس چانسلر پروفیسر شکیل احمد رومشو سے بات کی، تو انہوں نے کہا۔

پہلگام

ایم ایل اے پہلگام محمد الطاف کلو نے
ٹاو

---

ن ہال عشمقام میں جنگلی جانوروں کے حملوں سے زخمی ہوئے افراد کے حق میں امدادی ۓ چیکس تقسیم کیں ۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مالی امداد محض عارضی طور پر ایسے حملوں سے زخمی ہوئے افراد کی معاونت کرنے میں مدد کرتا ہے ۔ تاہم حیوانات اور انسانوں کے درمیان ہونے والے سانحات کو کم سے کم کرنے کے لئے درکار اقدامات کو عملی جامہ پہنانے کی اشد ضرورت ہے ۔

DDMA

ڈسٹرکٹ ڈزاسٹر منیجمنٹ اتھارٹی نے پلوامہ اور اونتی پورہ میں آفات سے نمٹنے اور اس کے خطرات کو کم کرنے نیز اس کے تعلق سے آگاہی کو فروغ دینے کے لئے ایک صلاحیت سازی پروگرام منعقد کیا ۔ اس موقعہ پر شرکاءکو علمی اور عملی طور پر آفات سے نمٹنے کی تیاریوں جیسی ضروری طبی CPR ، حفاظتی اقدامات اور انسانی جانوں کو بچانے کے لئے فرسٹ ایڈ اور تکنیکوں اور طریقوں کی جانکاری دی گئی ۔

شوپیان

دریں اثناءآفات سے نمٹنے کی تیاریوں اور متعلقہ عملے کی صلاحیت کو تقویت دینے کے لئے ، فائر SDRF گورنمنٹ ڈگری کالج شوپیان میں بھی ایک تربیتی پروگرام منعقد ہوا ۔ اس موقعہ پر اینڈ ایمرجنسی ، محکمہ صحت اور پولیس کے خصوصی ماہرین نے شرکاءکو آفات سے نمٹنے ، آگ بجھانے اور دیگر ریسکیو کاروائیوں کی تربیت دی ۔ TRIAGE کے دوران

نشہ مکت بھارت

محلہ صفا کدل میں منشیات مخالف بیداری پروگرام Gassi ضلع انتظامیہ سرینگر کی طرف سے منعقد ہوا ۔ اس موقعہ پر مختلف محکموں کے عہدیداروں نے تقریریں کی اور نوجوانوں کو منشیات کی لعنت سے دور رہنے کی تلقین کی ۔ بعد میں طالب علموں نے بھی تخلیقی پروگراموں کے ذریعے منشیات مخالف بیداری پیدا کی ۔

ہوا

گزشتہ رات تیز ہواوں کے باعث وادی کے مختلف اضلاع خاص طور پر گاندربل ، بارہمولہ اور بڈگام میں کچے اور نیم پختہ ڈھانچوں کو نقصان پہنچنے اور درختوں کے اکھڑنے نیز چھتوں کے گرنے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت16 اعشاریہ 2 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23 اعشاریہ 1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ